اسلام آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

https://sadaesach.com/epaper

DAILY
SADA-E-SACH
ABC-Certified
اسلام آباد
روزنامہ
صدائے سچ
چیف ایڈیٹر:
سید تبسم عباس شاہ
https://sadaesach.com/epaper
dailysadaisach09@gmail.com www.sadaesach.com

جلد: 09 | جمعۃ المبارک 18 جولائی 2025ء صفحات: 4 قیمت: 10 روپے | شمارہ: 118

مریم نواز کے وژن زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت شفاف امتحانات کا انعقاد کیا گیا، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان

سپیشل سکواڈ، چیئرمین سکواڈ، موبائل انسپکٹرز نے روزانہ کی بنیاد پر امتحانی مراکز کے دورے کیے، رپورٹس متعلقہ شعبہ جات کو ارسال کی جاتی رہیں

طلبہ وطالبات ہمارا کل ہیں اور کسی کو بھی ان کے مستقبل سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، چیئرمین بورڈ کا خصوصی انٹرویو

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان نے کہا ہے کہ میٹرک فرسٹ اینول 2025 اور انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2025 کے امتحانات وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور حکومت پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت مکمل شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے منعقد کیے گئے، امتحانات کے کامیاب انعقاد کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی گئی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک خصوصی انٹرویو کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ میٹرک فرسٹ اینول 2025 اور انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2025 کے امتحانات وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن اور حکومت پنجاب کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت مکمل شفافیت اور میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے منعقد کیے گئے۔ امتحانات کے کامیاب انعقاد کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی گئی۔ سپیشل سکواڈ، چیئرمین سکواڈ اور موبائل انسپکٹرز روزانہ کی بنیاد پر امتحانی مراکز کے دورے کرتے رہے اور رپورٹس فوری طور پر متعلقہ شعبہ جات کو ارسال کی جاتی رہیں۔ آن لائن کیمروں کی مدد سے سخت مانیٹرنگ، امتحانی مراکز کی نگرانی، ہارڈ اور گریڈ سینٹرز میں آن لائن کیمروں کی مدد سے کی گئی۔ اس مانیٹرنگ سسٹم سے نقل کی روک تھام اور شفافیت کو یقینی بنایا گیا، ایک سوال کے جواب میں چیئرمین نے کہا کہ امتحانات میں شریک امیدواران کو بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کی گئیں تاکہ وہ ایک پرامن اور سازگار ماحول میں اپنے امتحانات دے سکیں۔ چیئرمین نے بتایا کہ بورڈ کی طرف سے ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد امتحانی عمل کا معائنہ کرنا اور فوری مسائل کا حل یقینی بنانا تھا۔ محمد عدنان خان نے کہا کہ بورڈ مارکنگ کے نظام میں جدید ٹیکنالوجی لا رہا ہے تاکہ طلبہ وطالبات کی محنت کا درست اور منصفانہ صلہ دیا جا سکے۔ تمام مارکنگ سٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مکمل دیانتداری سے مارکنگ کریں تاکہ کسی امیدوار کے مستقبل پر حرف نہ آئے۔ چیئرمین کا کہنا تھا کہ طلبہ وطالبات ہمارا کل ہیں اور کسی کو بھی ان کے مستقبل سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ امتحانی شفافیت، میرٹ اور جدیدیت ہی بورڈ راولپنڈی کی پہچان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی بورڈ تعلیمی

ٹیکنالوجی کے استعمال سے نظام میں مزید بہتری لانے کے لیے کوشاں ہے اور جلد ہی نئے اقدامات متعارف کرائے جائیں گے۔ چیئرمین بورڈ نے آخر میں کہا کہ تعلیمی بورڈ راولپنڈی پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں نمایاں مقام رکھتا ہے اور یہ مقام بہترین انتظامات شفاف پالیسیوں اور دیانتدار ٹیم کی بدولت ممکن ہوا ہے۔